اگر درج ذیل میں سے کوئی واقع ہوتا ہے

- آپ کے گھرانے میں کسی فرد کو بچوں سے متعلق فحش مواد موصول ہو
- آپ کے بچے کو کسی ایسے فرد سے فحش جنسی تصویریں موصول ہوں جسے معلوم ہو کہ آپ کا بچہ 18 سال سے کم عمر کا ہے۔
- آپ کے بچے کو کسی ایسے فرد کے ذریعہ جنسی طورپر ورغلایا جائے جسے معلوم ہو کہ آپ کا بچہ 18 سال سے کم عمر کا ہے۔

درج ذیل ایجنسیوں سے رابطہ کریں:

- ہیوسٹن پولیس ڈپارٹمنٹ
  713-731-5335
- FBI
  713-693-5000
- گمشدہ اور استحصال کے شکار بچوں کا مرکز
  1-800-843-5678

یہ یقینی بنائیں کہ آپ کا کمپیوٹر بند رہے تاکہ کسی ثبوت کو برقرار رکھا جاسکے اور اس وقت تک کوئی بھی تصویریں یا متن کاپی یا پرنٹ نہ کریں جب تک لاء انفورسمنٹ کے ذریعہ ایسا کرنے کو نہ کہا جائے۔

ہنگامی 9-1-1 پولیس غیر ہنگامی
713-884-3131

عمومی معلومات کے لیے، اپنے مقامی پولیس اسٹیشن سے رابطہ کریں (نمبر ذیل میں فراہم کیا گیا ہے)

یا

پبلک افیئرز سے اس نمبر پر رابطہ کریں 713-308-3200

مزید معلومات کے لئے، ملاحظہ کریں
www.houstonpolice.org

ہیوسٹن کے پولیس اسٹیشنز

ایرپورٹ - بش	281-230-6800
ایرپورٹ - ہابی	713-845-6800
سنٹرل	713-247-4400
کلیئر لیک	281-218-3800
ایسٹ سائڈ	713-928-4600
کنگ ووڈ	281-913-4500
مڈ ویسٹ	832-394-1200
شمال	281-405-5300
شمال مشرق	713-635-0200
شمال مغرب	713-744-0900
جنوبی سنٹرل	832-394-0200
جنوبی جیسنز	832-394-4700
جنوب مشرق	713-731-5000
جنوب مغرب	713-314-3900
اسپیشل اوپس	832-394-0000
ویسٹ سائڈ	281-584-4700

والدین کے لئے رہنما کتابچہ برائے

بچوں کے لیے انٹرنیٹ سے متعلق تحفظ

ہیوسٹن کو

محفوظ

رکھیے

انٹرنیٹ ایک گراں قدر تعلیمی اور تفریحی ذریعہ ہے جسے بچے استعمال کرتے ہیں اور **بچوں کے شکاری اس بات سے واقف ہیں۔** بچوں کے شکاری آپ کے بچے کو نامناسب موضوعات والے مواد کا سامنا کروانے کے لیے انٹرنیٹ کا فائدہ اٹھاتے ہیں۔ ذیل کے حفاظتی نکات پر عمل کرکے آپ اپنے بچے کو بچوں کے شکاریوں کا شکار ہونے سے بچا سکتے ہیں۔

خطرات کیا ہیں

- **نامناسب مواد کا سامنا** - کچھ مواد نفرت انگیز جنسی طور پر عریاں، غیر قانونی، یا پرتشدد ہوسکتے ہیں۔
- **جسمانی چھیڑ چھاڑ** - کچھ بچے، آن لائن ہونے کی صورت میں اپنی معلومات کسی کو دے کر یا ذاتی ملاقات کا انتظام کرکے اپنے تحفظ کے لیے خطرہ پیدا کرسکتے ہیں۔
- نابالغ بچوں سے اغلام کرنے والے مرد اکثر چیٹ رومز میں وقت گزارتے ہیں، بلیٹن بورڈز پر پوسٹ کرتے ہیں اور بچے کا اعتماد حاصل کرنے کے لیے ای میل کا استعمال کرتے ہیں جہاں وہ روبرو ملاقات کا انتظام کرسکتے ہیں۔
- **ہراساں کرنا** - کچھ بچوں کو چیٹ رومز، بلیٹن بورڈز اور ای میلز کے ذریعہ ایسے پیغامات موصول ہوتے ہیں جو ہراساں کرنے والے، ذلیل قسم کے یا جھگڑا فساد پیدا کرنے والے ہوتے ہیں۔
- **مالیاتی خطرات** - کبھی کبھی والدین کے کریڈٹ کارڈ نمبرز اور دیگر ذاتی مالیاتی معلومات دے دیے جاتے ہیں جس کے منفی مالیاتی نتائج ہوسکتے ہیں۔

آپ کا بچہ/ بچی خطرے میں ہوسکتا/سکتی ہے

اگر وہ:

- جب آپ کمرے میں داخل ہوں تو اسکرین تبدیل کردیتا/ کردیتی ہے یا مدافعانہ رویہ اختیار کرتا/ کرتی ہے یا مضطرب ہوجاتا ہے۔
- نامعلوم نمبروں پر کال کرتا ہے یا ایسے لوگوں سے اجنبی فون کال وصول کرتا ہے جنہیں آپ نہیں جانتے ہوں۔
- رات میں نامناسب اوقات میں انٹرنیٹ استعمال کرتا ہو۔
- اسے ناقابل توجیہ تحائف، لباس، زیورات، یا رقم موصول ہو۔
- خاندان یا دوستوں سے الگ تھلگ رہنے لگے۔
- ایسا آن لائن اکاؤنٹ استعمال کرتا ہو جو کسی دوسرے کا ہو۔
- اس کے کمپیوٹر پر فحش مواد ہو۔

والدین کے لیے رہنما خطوط

- کمپیوٹر کو ایسے حصے میں رکھیں جہاں پورے خاندان کی رسائی ہو۔
- ایسی آن لائن سروس سبسکرائب کریں جو والدینی کنٹرول کی خصوصیات فراہم کرتی ہو۔
- ایسے بلاک کرنے والے سافٹ ویئر خریدیں جو پاس ورڈز اور والدینی کنٹرولز کا استعمال کرتے ہوں۔
- اپنے بچے کے ساتھ انٹرنیٹ پر تلاش کرتے ہوئے وقت گزاریں۔
- اپنے بچے/ بچی کو بتائیں کہ وہ سزا کے خوف کے بغیر آپ کو رازدار بنا سکتے ہیں۔
- اپنے بچے کے ساتھ اپنے شبہات اور آن لائن خطرات کے بارے میں کھل کر بات کریں۔
- اپنے بچے کے کمپیوٹر پر تمام مشمولات بشمول ای میل، براؤزر ہسٹری وغیرہ کا جائزہ لیں۔
- کون کال کررہا ہے اس کی نگرانی کے لیے کالر آئی ڈی سروسز کا استعمال کریں۔
- اپنے بچے کی انٹرنیٹ رسائی کی نگرانی کریں جس میں ای میل، چیٹ رومز، فوری میسنجرز وغیرہ شامل ہیں۔

حفاظت کے سنہرے اصول

اپنے بچے کو درج ذیل کی ہدایت دیں:

- اگر انہیں انٹرنیٹ پر کوئی ڈراؤنی یا خوفناک چیز نظر آئے تو فوری طور پر آپ کو بتائیں۔
- کبھی بھی ان کا نام، پتہ، ٹیلیفون نمبر، پاس ورڈ، اسکول کا نام، والدین کا نام، یا کوئی دیگر ذاتی معلومات کسی کو نہ دیں۔
- کبھی بھی کسی ایسے شخص سے روبرو ملاقات نہ کریں جن سے وہ آن لائن ملے ہوں۔
- کبھی بھی ایسے پیغامات کا جواب نہ دیں جن میں گندے الفاظ ہوں یا جو ڈراؤنے یا پراسرار لگتے ہوں۔
- کبھی بھی بغیر پہلے پوچھے ہوئے ایسے علاقے میں داخل نہ ہوں جہاں خدمات کے لیے معاوضہ لگتا ہو۔
- کبھی بھی آپ کی اجازت کے بغیر کسی کو تصویر نہ بھیجیں۔